| A | CCE RR<br>UNREVISED<br>FULL SYLLABUS |
|---|---|

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,

ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು - 560 003

**KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,**

**MALLESHWARAM, BENGALURU - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜೂನ್, 2023

**S.S.L.C. EXAMINATION, JUNE, 2023**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 16. 06. 2023 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 16. 06. 2023 ] **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು

# Subject : Third Language — URDU

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater )**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80

[ Max. Marks : 80

| مارکس | اہم نکات / اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : 8 x 1 = 8 | I. |
| | حضورؐ کی تعریف و توصیف میں لکھی جانے والی نظم کہلاتی ہے۔ | 1. |
| | (A) نعت (B) حمد | |
| | (C) رباعی (D) غزل | |
| 1 | جواب : (A) نعت | |

Turn over ]

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .2 | ''سرعت'' لفظ کے معنی ہیں۔ | |
| | (A) سرایت کرنا (B) صراحت | |
| | (C) جلدی (D) تیرنا | |
| | جواب : (C) جلدی | 1 |
| .3 | وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے وہ کہلاتا ہے۔ | |
| | (A) غیر مستقل کلمہ (B) مہمل کلمہ | |
| | (C) مستقل کلمہ (D) مستعمل کلمہ | |
| | جواب : (A) غیر مستقل کلمہ | 1 |
| .4 | ان میں حروفِ ربط کی مثال ہے۔ | |
| | (A) نہیں (B) کا | |
| | (C) ہاں (D) پھر | |
| | جواب : (B) کا | 1 |
| .5 | ''الجبرا مسلمانوں ہی کی ایجاد ہے'' اس جملہ میں حروفِ تخصیص کی نشاندہی کیجئے۔ | |
| | (A) الجبرا (B) کی | |
| | (C) ایجاد (D) ہی | |
| | جواب : (D) ہی | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | مضمون کا درمیانی حصّہ جس میں موضوع کے متعلق تفصیل سے ذکر کیا جاتا ہے اُسے کہتے ہیں۔ | .6 |
| | (A) تمہید (B) خاتمہ | |
| | (C) نفسِ مضمون (D) عمدہ مضمون | |
| 1 | جواب : (C) نفسِ مضمون | |
| | دفتری امور سے متعلق لکھے جانے والے خطوط کہلاتے ہیں۔ | .7 |
| | (A) کاروباری خطوط (B) سرکاری خطوط | |
| | (C) نجی خطوط (D) ادبی خطوط | |
| 1 | جواب : (B) سرکاری خطوط | |
| | غزل کے سب سے اچھے شعر کو کہتے ہیں۔ | .8 |
| | (A) مطلع (B) حُسن مطلع | |
| | (C) مقطع (D) بیت الغزل | |
| 1 | جواب : (D) بیت الغزل | |
| | پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے : 4 × 1 = 4 | .II |
| | طلوع : غروب : : قدیم : ......... | .9 |
| 1 | جواب : جدید | |
| | سڑکیں ناپنا : بے وجہ سڑکوں پر پھرنا : : پارہ چڑھنا : ......... | .10 |
| 1 | جواب : غصّہ ہونا | |
| | عالِم : جاننے والا : : عالَم : ......... | .11 |
| 1 | جواب : دُنیا | |
| | حجرہ : کمرہ : : صاحبزادی : ......... | .12 |
| 1 | جواب : بیٹی | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل سوالات کے جوابات ایک ایک جملے میں لکھئے : 4 = 1 × 4 | .III |
| | سدرۃ المنتہیٰ کسے کہتے ہیں ؟ | .13 |
| 1 | جواب : حضرت جبرائیل کا وہ آخری مقام جہاں حضرت محمدؐ کے سوا کوئی اور نہ جا سکے۔ | |
| | ماہرِ ریاضی دان کون تھا ؟ | .14 |
| 1 | جواب : عمر خیام | |
| | پروفیسر راہی سے مصنّف کی ملاقات کہاں ہوئی ؟ | .15 |
| 1 | جواب : 12 رسال ایک مشاعرے میں۔ | |
| | اکبر الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟ | .16 |
| 1 | جواب : اکبر الٰہ آبادی کو کوئی دنیا میں ان سے خوش نہ رہے اس کی انہیں پرواہ نہ تھی۔ | |
| | درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 16 = 2 × 8 | .IV |
| | حضرتِ عائشہؓ کے حجرے میں کون کون آرام فرما ہیں ؟ | .17 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضرت عائشہؓ کے ( کمرے ) حجرے میں | |
| 1 | ☆ حضور اکرم ﷺ، حضرت ابو بکرؓ، حضرت عمر فاروقؓ آرام کر رہے ہیں۔ | |
| | رامو کی کس بات کو سُن کر اینگلو انڈین کی آنکھیں چمک اٹھیں اور کیوں ؟ | .18 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ جمنا گھاٹ پر پُل کے نیچے ایک مگر مچھ ہے۔ | |
| 1 | ☆ اور وہ 30 فٹ سے کم نہیں ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''نانوٹکنالوجی'' کسے کہتے ہیں ؟ نانوٹکنالوجی سے کیا مراد ہے ؟ | .19 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ''نانو''ایک یونانی لفظ ہے جو'نو' کے معنی میں ہے۔ جو دراصل پیمائش کو کہتے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ جن ذرّات کی ضخامت 1 تا 100 'نانو' میٹر ہوتی ہے۔ | |
| | ہانگ کانگ ہوائی اڈّے پر جب طیارہ اترتا ہے تو کیسا محسوس ہوتا ہے ؟ | .20 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ہانگ کانگ کا ہوائی اڈّہ سمندر سے متصل ہے۔ | |
| | ☆ جو دیکھنے والوں کو گویا طیارہ ہوائی اڈے پر نہیں سمندر میں گرتا ہوا معلوم ہوتا ہے | |
| 1 | ☆ جو پریشان کُن منظر لگتا ہے | |
| | ریاستِ میسور میں سریم وشوویشوریا نے کون کون سے کارخانے قائم کئے ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شکر کا کارخانہ، صندل کی لکڑی کا کارخانہ | |
| 1 | ☆ ریشم کا کارخانہ، بھدراوتی میں لوہے کا کارخانہ وغیرہ۔ | |
| | محمد علی جوہر کے والدین کا نام کیا تھا ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ والد کا نام عبدالعلی | |
| 1 | ☆ والدہ کا نام بی اماں | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | صبح سویرے پروفیسر راہی کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ صبح فجر سے پہلے جگنا نماز ادا کرنا، چہل قدمی، 7:30 بجے ناشتہ کرنا۔ | |
| 1 | ☆ 8/ بجے آکاش وانی پر خبریں سننا وغیرہ۔ | |
| | شاعر نے کن کن باتوں کا بُرا انجام دیکھا ہے ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر سید احمد شاکر نظم ''پیغام یکجہتی'' میں تعصب، دُشمنی، عداوت، حسد | |
| 1 | ☆ مَیل کچیل رکھنے والوں کا بُرا انجام دیکھا ہے۔ | |
| 9 x 3 = 27 | درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : | .V |
| | بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے : | |
| | ''مجھے ملاقات کے بارے میں اُس وقت یاد آیا، جب میں نے اپنے دروازے پر آپ کا نام لکھا دیکھا۔'' | .25 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''ملّا نصیر الدین کے قصّے'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ملّا نصیر الدین نے اپنے دوست کے گھر اس وقت کہا تھا | |
| 1 | ☆ جب انُہیں دوست سے کِیا گیا وعدہ یاد آیا۔ | |
| | ''مگران کی اسکوٹر چلتی نہیں بلکہ رینگتی ہے۔'' | .26 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''سلیمان خطیب'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس سبق کے مصنّف وہاب عندلیب ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ وہاب عندلیب نے سلیمان خطیب کے سواری چلانے کے انداز کا ذکر کرتے ہوئے کہا۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .27 | ’’کل شیر شکاریوں کے غول میں گھر جائے گا۔‘‘ | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ جملہ ’’خاکِ وطن اور خونِ شہیداں‘‘ سبق سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس سبق کے مصنّف ’’خلیل منظری‘‘ ہیں۔ | 1 |
| | ☆ یہ جملہ میر صادق نے انگریزوں کی سازش کرنے کے بعد ٹیپو سلطانؒ سے متعلق ان کے دشمنوں سے کہا تھا۔ | 1 |
| .28 | درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) ایم قادر علی خاں (ii) کرشن چندر | |
| | جواب : | |
| | (i) ایم قادر علی خاں: | |
| | پیدائش – 1911ء میں ہنولّی، ضلع ٹمکور۔ | |
| | پیشہ – درس وتدریس | 1 |
| | اہم نکات – ☆ چارسالہ اردو فارسی کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی ☆ ٹیٹور گورنمنٹ ہائی اسکول میں اردو فارسی کے مدرس رہے پھر حیدر آباد سے اردو فارسی وفاضل پاس کیا۔ | 1 |
| | اہم کتابیں یا خدمات ☆ ان کی تالیف ومضامین ریاستِ میسور کی مختلف جماعتوں میں ان کے اسباق نصاب میں شامل ہیں۔ | 1 |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | (ii) کرشن چندر: | |
| | پیدائش – 19 رنومبر 1913ء کشمیر۔ | 1 |
| | وفات – 1977ء ممبئی۔ | 1 |
| | اہم نکات – ☆ کامیاب ناول نگار، اردو افسانہ نگار | |
| | ☆ آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے وابستگی۔ | 1 |
| | تصانیف – ☆ ان داتا، ٹوٹے تارے | |
| | ☆ پرانے خدا، نظارے، شکست۔ | |
| | حسینوں کا شہر وغیرہ۔ | |
| 29. | درج ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے: | |
| | (i) عطا کلیانوی (ii) مولانا ابوالبیان حماد | |
| | جواب : | |
| | (i) عطا کلیانوی : | |
| | نام – عطا کلیانوی۔ اصلی نام محمد عطاء اللہ، عرف بھیکو میاں | 1 |
| | پیدائش – 20 راگست 1905ء کلیانی میں | |
| | انتقال – 6 رمئی 1985ء | |
| | اہم نکات – ☆ مختلف اصناف میں طبع آزمائی کی۔ | |
| | ☆ ان کا غالب رجحان رباعی گوئی رہا۔ | |
| | ☆ ایک ہزار رباعیات لکھے۔ | |
| | ☆ انہیں انشاء پردازی سے شغف تھا۔ | |
| | ☆ اردو کے علاوہ فارسی میں بھی شاعری کی۔ | 1 |
| | اہم تصانیف – ☆ رباعیات کا مجموعہ، وجودِ شہود۔ | 1 |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | (ii) مولانا ابوالبیان حمادؔ : | |
| | نام – عبدالرحمان خان | |
| 1 | پیدائش – 25 رجولائی 1923ء صوبۂ کرناٹک کے ایک گاؤں مالور کے قریہ میں۔ | |
| | اہم نکات – ☆ ابتدائی تعلیم اپنے گاؤں میں ہوئی پھر جامعہ دارالسلام عمرآباد گئے۔ | |
| | ☆ آپ ذہین ترین طالب علم تھے۔ | |
| | ☆ آپ نے ''الاخلاق'' نام سے ایک قلمی ''رسالہ'' نکالا | |
| | ☆ پھر بنگلور سے ہفتہ وار ''پیغام'' جاری کیا | |
| 1 | ☆ حصولِ علم کے لئے لکھنؤ دارالعلوم ندوۃ العلماء گئے۔ | |
| | ☆ 1946ء میں دارالسلام عمرآباد میں درس وتدریس میں لگ گئے۔ | |
| 1 | ☆ آپ کی ادارت میں ''راہِ اعتدال'' نکل رہا ہے۔ | |
| | درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| | تماشائے دَیر وحرم دیکھتے ہیں<br>تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں | 30. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ شعر ''داغؔ دہلوی'' کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کہتے ہیں کہ جب اس دنیا میں کسی سے محبت ہوجاتی ہے۔ تو ہر جگہ معشوق کا جلوہ نظر آتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ مسجد ہو یا مندر اور ہر ذرّے ذرّے میں یہاں تک کہ ہر طرف شاعر کو اپنا محبوب ہی دکھائی دیتا ہے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .31 | موت کا ایک دن معین ہے<br>نیند کیوں رات بھر نہیں آتی<br>جواب : | |
| | ☆ یہ شعر "مرزا غالبؔ" کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر غالبؔ اس شعر میں کہتے ہیں کہ مجھے موت کے خوف سے نیند نہیں آرہی ہے۔<br>مگر ہر ایک کو موت کا سامنا کرنا ہی ہے۔ | 1 |
| | ☆ ایسا نہیں کہ کوئی موت کے ڈر سے سوتا ہی رہ جائے۔ | 1 |
| .32 | سدا ہم تو کھوئے گئے سے رہے<br>کبھو آپ میں تم نے پایا ہمیں<br>جواب : | |
| | ☆ یہ شعر میر تقی میرؔ کی غزل سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ شاعر اپنے محبوب سے مخاطب ہو کر کہتا ہے کہ میں تمہارے عشق میں کھویا ہوا رہتا ہوں | 1 |
| | ☆ کیا آپ بھی ہماری طرح میری یاد میں کھوئے رہتے ہیں۔ | 1 |
| .33 | درج ذیل انگریزی تحریر کا اردو میں ترجمہ کیجئے :<br>Hameed wake up early in the morning. He is a honest boy and he is also good in studies.<br>جواب : | |
| | ☆ حمید ہمیشہ صبح سویرے اُٹھ جاتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ وہ ایک امانت دار لڑکا ہے | 1 |
| | ☆ اور وہ پڑھائی میں اچھا بھی ہے۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : 4 x 4 = 16 | VI. |
| | آپ کی نصابی کتاب میں شامل 'حمد' کے ابتدائی چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔ | 34. |
| | جواب : | |
| | حمد | |
| | مولانا الطاف حُسین حالؔی | |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک    راجا اور پرجا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے    آنکھ سے اوجھل دل کے اجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے    دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جوت ہے تیری جل اور تھل میں    باس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | کلبرگی کی جامع مسجد کی تاریخی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔ | 35. |
| | یا | |
| | پروفیسر راہؔی کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ جامع مسجد کلبرگی مسجد اسپین کی جامعہ مسجد قرطبہ کے نمونے پر بہمنی سلطنت کے دوسرے | |
| | ☆ بادشاہ محمد ساہ بن علاؤالدین بہمنی کے عہد میں تعمیر ہوئی۔ | |
| 1 | ☆ مسجد میں بیک وقت چھ ہزار آدمی نماز ادا کر سکتے ہیں۔ | |
| | ☆ مسجد کی چھت 111 گنبدوں سے بنی ہوئی ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس مسجد کا معمار رفیع قزوین ہے | |
| 1 | ☆ یہ مسجد اپنی وضع قطع اور طرز تعمیر کے لحاظ سے ہندوستان بھر میں منفرد ہے۔ | |
| | ☆ یہ مسجد بڑی عالیشان مانی جاتی ہے۔ | |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ پروفیسر راہیؔ ایک بے مثال استاد رہے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ ان کا پڑھانے کا انداز بالکل منفرد اور اچھوتا ہے۔ | |
| | ☆ وہ زبان و قلم کے شہوار تھے۔ | 1 |
| | ☆ انہوں نے علم و ادب کے خزینے چھوڑے ہیں۔ | |
| | ☆ صحراء کا سفر | |
| | ☆ دیدۂ بے خواب، ضمیر شب، رباعیوں کا مجموعہ۔ | 1 |
| | ☆ چارسُو، اردو ادب میں گراں قدر اضافہ ہے۔ | 1 |
| | ☆ ان کی علمی و ادبی خدمت قدر کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔ | |
| | **درج ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | |
| .36 | حضرت محمد رسولِ مقبول ﷺ سے پہلے جتنے رسول آئے ان کی نبوت اپنے زمانے تک محدود رہی، مگر آپؐ کی نبوت قیامت تک کے لئے ہے۔ آپ ﷺ تمام انسانوں کے لئے رسول ﷺ بنا کر بھیجے گئے ہیں۔ آپ ﷺ کے والد کا نام عبداللہ تھا، اور یہ عبدالمطلب کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ ان کی والدہ کا نام بی بی آمنہ تھا۔ یہ وہب کی بیٹی تھیں۔ آپ ﷺ نبی ہونے سے پہلے ہی غارِ حراء میں دن رات اللہ تعالی کی عبادت اور سوچ میں رہا کرتے تھے۔ ایک دن ایسا ہوا کہ اللہ تعالی کے حکم سے ایک فرشتہ حضرت جبرائیل اللہ کا پیغام لے کر حضرت محمد ﷺ کے پاس آیا۔ حضرت محمد ﷺ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
| --- | --- | --- |
| | کی ذات بڑی پاکیزہ بڑی مہربان بڑی سخی بڑی مہمان نواز تھی۔ یہاں تک کے آپ ﷺ مسلمان وکافر سب کی مہمان نوازی فرماتے اور سب کی خاطر کرتے اور خود ہی سب کی خدمت کرتے۔ آپ ﷺ یتیموں کے والی غلاموں کے مولیٰ تھے۔ | |
| | غریبوں کے ساتھ آپ کا برتاؤ ایسا ہوتا کہ اُن کو اپنی غریبی محسوس نہ ہوتی، غرض آپؐ کی زندگی دنیا کے لئے ایک اعلیٰ نمونہ تھی۔ | |
| | سوالات : | |
| | آپ ﷺ کی نبوت کب تک کے لئے ہے ؟ | (i) |
| | آپ ﷺ کے والدین کا نام کیا ہے ؟ | (ii) |
| | حضرت محمد ﷺ کی طرف حضرتِ جبرائیلؑ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا لاتے تھے ؟ | (iii) |
| | آپ ﷺ غارِ حراء میں کیا کرتے رہتے تھے ؟ | (iv) |
| | جواب : | |
| 1 | قیامت تک کے لئے ہے۔ | (i) |
| 1 | عبداللہ اور آمنہ | (ii) |
| 1 | حضرت جبرائیلؑ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس کا پیغام لاتے تھے۔ | (iii) |
| 1 | آپؐ غارِ حراء میں دن رات اللہ تعالیٰ کی عبادت اور سوچ میں گذارتے۔ | (iv) |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر 15 تا 20 جملوں پر مشتمل ایک مضمون تحریر کیجئے : | |
| | قومی تہوار | .37 |
| | یا | |
| | میری پسندیدہ شخصیت | |
| | جواب : | |
| | قومی تہوار: | |
| 1 | مضمون نویسی – ''قومی تہوار'' | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا کہاوت، ضرب المثل سے آغاز۔ | |
| | نفسِ مضمون – ☆ پسندیدہ عید، تہوار کا نام اور تعارف | |
| | ☆ تہوار کی اہمیت اور اس کے اسباب | |
| 1 | ☆ عید/تہوار کی خوشیاں اور مبارک بادیاں دینا اور لینا۔ گلے ملنا۔ | |
| | ☆ عید/تہوار کے موقعہ سے نئے کپڑے پہننا | |
| | ☆ میٹھا، پلاؤ، عیدی لینا و دینا وغیرہ۔ | |
| 1 | اختتام – مضمون کے تعلق سے اپنے تأثرات پیش کرنا۔ | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **میری پسندیدہ شخصیت:** | |
| 1 | مضمون نویسی – ''میری پسندیدہ شخصیت'' | |
| 1 | تمہید – کسی قول، فقرہ یا کہاوت سے ابتداء۔ | |
| 1 | نفسِ مضمون – ☆ پسندیدہ شخصیت کے انتخاب کی وجہ اور اس کا کوئی کارنامہ | |
| | ☆ قوم پر احسان | |
| | ☆ خدمات | |
| 1 | اختتام – اپنے تاثرات | |
| | خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : | .VII |
| | 1 x 5 = 5 | |
| | اپنے دوست یا سہیلی کے نام ایک خط لکھئے جس میں (اسکول ڈے) یا سالانہ جلسے میں شرکت کی دعوت دی گئی ہو۔ | .38 |
| | جواب : | |
| | اپنے دوست یا سہیلی کے نام خط | |
| | (i ازمقام : | |
| 1 | (ii مورخہ : | |
| 1 | (iii آداب والقاب : میرے پیارے دوست/میری پیاری سہیلی آداب اسلام | |
| | (iv مضمونِ خط : اسکول ڈے/سالانہ جلسہ میں شرکت سے متعلق دعوت واطلاع دینا۔ | |
| 1 | | |
| 1 | (v اختتام : فقط آپ کا/آپ کی/نیک کار/دوست/سہیلی | |
| 1 | (vi مکتوب الیہ کا نام اور پتہ : | |
| | یا | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کلاس ٹیچر کے نام ایک خط لکھئے جس میں مناسب وجہ بتا کر تین دن کی چھٹی مانگی گئی ہو۔ دیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | **کلاس ٹیچر کے نام درخواست** | |
| | i) منجانب/ نام : XYZ | |
| 1 | ii) بخدمت : کلاس ٹیچر صاحب/ صاحبہ | |
| 1 | iii) عرضِ مدّعا : تین دن کی چھٹی کے لئے درخواست | |
| 1 | iv) مضمونِ خط : کوئی مناسب وجہ بتا کر کلاس ٹیچر سے تین دن کی چھٹی کی درخواست۔ | |
| 1 | v) اختتام : آپ کا/ آپ کی/ فرماں بردار شاگرد/ شاگردہ | |
| 1 | vi) مقام/تاریخ : | |